تبصرے

کلیدِ آیات - از محمد خالد محمد یوسف پٹیل۔ سائز خورد (۲۰×۳۰/۱۶) کتابت وطباعت غنیمت۔ صفحات ۱۲۸ بلا جلد قیمت -/۵ پتہ مصنف کا نام، ۳۵/۱ پٹیل محلہ، نظام پورہ پوسٹ بھونڈی ضلع تھانہ

قرآن مجید میں مختلف آیات تلاش کرنے کی ضرورت ہر مضمون نگار، مصنف اور واعظ کو آئے دن پیش آتی ہے۔ اس ضرورت کے پیشِ نظر عربی، اردو اور انگریزی وغیرہ میں بہت سی کتابیں بڑی چھوٹی لکھی گئی ہیں۔

بہت سے حضرات نے تو اختصار کو زیادہ اہمیت نہیں دی بلکہ ہر ہر لفظ کا احاطہ کرنا پیش نظر رکھا تاکہ اگر کسی کو آیت کا ایک لفظ بھی یاد ہو تو وہ بآسانی پوری آیت کا حوالہ تلاش کر سکے، اس کتاب کے مصنف کے پیشِ نظر پوری افادی اہمیت کے ساتھ ساتھ اختصار بھی ہے اس لئے انھوں نے آیات کے بس کلیدی الفاظ ہی کو لیا ہے اور اپنا طریقۂ کار کتاب کے دیباچہ میں سمجھا دیا ہے۔

کتاب اپنے مقصد میں مختصر ہونے کے باوجود کامیاب ہے۔ امید ہے کہ آئندہ ایڈیشنوں میں اس کو مزید مفید بھی بنانے کی کوشش کی جائے گی اور اس کا معیارِ طباعت بھی بلند کیا جائے گا۔

صحیفۂ زندگی - از مولانا عزیز الحق کوثر ندوی، سائز میانہ (۲۲×۱۸/۸) کتابت وطباعت عمدہ کارڈ بورڈ کی خوبصورت جلد صفحات علاوہ فہرست ۱۴۰- قیمت -/۵

پتہ:۔ مکتبہ سراجیہ ۳۱/۷۸ جے کی باغ وارانسی ۲۲۱۰۰۱

کتاب اسم با مسمّی ہے اس میں بہت سارے عنوانات کے تحت دینی و اخلاقی تعلیم نظم میں